RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۲	روز دوشنبہ تاریخ ۲۱- اپریل ۱۸۹۰ء مطابق یکم رمضان المبارک ۱۳۰۷ھ	نمبر ۱۶

نام مضمون

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	فہرست مضامین	نمبر
۱ و ۲	حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی-	۱
۲ و ۳	احکام [illegible] صاحب پریسیڈنٹ کونسل-	۲
۳	حکم [illegible] ممبر کونسل-	۳
۳ و ۴	روبکار [illegible] صاحب اجلاس پریسیڈنٹ بہادر واقع [illegible]	۴
۴	روبکار اجلاس صاحب اجلاس پریسیڈنٹ بہادر	۵
	[illegible] نواب [illegible] ممبر بہادر واقع ۲۲ مارچ ۱۸۹۰ء	۶
۵	روبکار اجلاس صاحب [illegible] ممبر بہادر واقع ۱- اپریل	۷
۵ و ۶	[illegible] مارچ [illegible]	۸
۶ و ۷	نقشہ [illegible] اپریل ۱۸۹۰ء	۹
۷ و ۸	نرخنامہ [illegible]	۱۰
۸	اشتہار فروخت کتبہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۱۱

حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

آج عہدہ اسسٹنٹ ممبران کونسل کی نسبت [illegible] کیفیت ملازمت ولیاقت کی پیش ہوئی بعد غور حسب ذیل تجویز عمل میں آئی

۱- ہر سہ اسسٹنٹ ممبران کا اجلاس یکجا ہوا کریگا- اور [illegible] فضول میں صرف ایک نفری ہر سہ اسسٹنٹ ممبران کے اجلاس واسطے کافی ہے صاحب ممبران بعد ملاحظہ کام تجویز فرماوین کہ منجملہ دو دفتر لوگوں کو ن رکھا جاوے اور نیز تقدیم و تاخیر ملازمت پر بھی اونکے خیال فرمایا جاوے تقسیم عمل حسب ذیل کی جاوے-

۱- محمد ضیغم علیخان صاحب اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس مین محکم سنگھ تنخواہ دار بیس روپیہ پیشکار اور رام پرشاد مشاہرہ دار چھ روپیہ ماہوار محرر رہین اور بجٹ صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر سے تنخواہ پا دین -

۲- قاضی زکی الدین احمد صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر کے اجلاس مین کشن کنور مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار پیشکار اور ضیاء الحق تنخواہ دار بارہ روپیہ محرر مقرر کئے جاوین اور تحصیل بجٹ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر تنخواہ پا دین -

۳- لالہ پرمیشر سے داس صاحب اسسٹنٹ ریونیو ممبر بہادر کے یہان سراج الدین احمد پیشکار تنخواہ دار پندرہ روپیہ و عزیز احمد تنخواہ دار نو روپیہ ماہوار محرر رہین -

۴- غلام محی الدین خان پیشکار اسپیشل اسسٹنٹ جو بارہ روپیہ ماہوار کا ملازم ہے پیشتر بخشیگری مین تہا جہان سیاق وغیرہ کی جگہ خالی ہو اسکا تقرر کیا جاوے -

۵- غلام ربانی محرر اسسٹنٹ متعینہ جوڈیشل ممبر چھ روپیہ کی تنخواہ پاتا ہے اور جولائی ۱۹۰۵ء کا ملازم ہے بوقت خلو سے جگہ صاحب ریونیو ممبر بہادر کسی جگہ اسکا تقرر فرما دین یہہ کل ملازمان یکم اپریل ۱۹۰۹ء سے مطابق اس تجویز کے تنخواہ پا دین - صاحب ریونیو ممبر بہادر کے اجلاس سے بھی احکام جاری ہون -

شرح دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر شرح دستخط صاحب ممبران بہادر

ودوار کا پرشاد و قمری براتا نو کر ہین نسبت عبد الکریم کہ ہند لعل و عبدالکریم تخفیف کئے گئے ہین

اور احکام ضوابط جلد جاری ہون درج گزٹ کیا جاوے

احکام وائس پریزیڈنٹ کونسل

تبدیلی

۱۷- اپریل ۱۹۰۹ء منظور حسین محرر کو توالی بجائے فضل حق محرر سپرنٹنڈنٹی کے تبدیل ہوا اور فضل حق محرر کو توالی مین تبدیل کیا گیا

۱۷- اپریل ۱۹۰۹ء آج یہہ کاغذات پیش ہوئے - فرزند علی سب انسپکٹر تہانہ سینگن کہیڑہ اپنی غفلت - اپنی کاہلی اپنی عدم احتیاط کے باعث کورٹ انسپکٹر سے علیحدہ کر کے نائب کوتوال مقرر ہوئے - وہان بہی انہون نے آرام طلبی - آسائش تساہل کو کام دیا - آخرش سینگن کہیڑہ مین تہانہ داری پر بہیج گئے - کہیڑہ بہوت کے معاملہ مین انہون نے نہایت سستی سے کارروائی کی - اونکو جبکہ اطلاع مل گئی تہی کی ہوئی تہی فوراً کوشش بلیغ کرنا چاہئے تہا - لیکن انہون نے اپنی معمولی کاہلی کو زیادہ دخل دیا - جسکا نتیجہ یہہ ہوا کہ اس مقدمہ مین زیادہ پیچیدگیان پڑ گئین - علاوہ ازین اور بہی مختلف عنوان سے انکی شکایتین مسموع ہوئین اور نیز مقدمہ منگلیا عاقل سماۃ رانی بنام ممو وغیرہ الزام دفعہ ۳۶۶ - و ۳۴۲ - تعزیرات ہند انکی طرف سے بہت فرو گذاشت و بے ضابطگیان عمل مین آئین چونکہ وہ اپنے فرض منصبی کو انجام نہین دیتے لہذا معطل کئے گئے تہے اب غور کرنے سے معلوم ہوا کہ ان کے رکہنے سے کچہہ نفع نہین ہے